5

ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ملتان

عنوان: **کارروائی میٹنگ کالجز سپورٹس ٹورنامنٹ کمیٹی منعقدہ مورخہ 05-09-2019 بوقت 10:00 بجے دن**

کالجز سپورٹس ٹورنامنٹ کمیٹی کا اجلاس مورخہ 05-09-2019 بوقت 10:00 بجے کمیٹی روم ملتان بورڈ میں منعقد ہوا۔

کالجز سپورٹس کمیٹی درج ذیل ممبران پر مشتمل تھی۔

1۔ پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین چونگی نمبر 6 ملتان (صدر)

2۔ پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین میاں چنوں (نائب صدر)

3۔ پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین ممتاز آباد ملتان (ممبر)

4۔ پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین لودھراں (ممبر)

5۔ پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین بورے والا (ممبر)

6۔ پرنسپل علی گڑھ سکول اینڈ کالج ملتان (ممبر)

7۔ انچارج فزیکل ایجوکیشن ملتان بورڈ (سیکرٹری کالجز سپورٹس کمیٹی)

میٹنگ کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا، سیکرٹری سپورٹس ٹورنامنٹ کمیٹی نے اجلاس میں شرکت کرنے والے ممبران کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد جناب صدر کی اجازت سے باقاعدہ میٹنگ کا آغاز ہوا۔ جس میں درج ذیل فیصلے کئے گئے۔

آئیٹم نمبر 1: **سابقہ کارروائی کی توثیق**

کمیٹی میں متفقہ طور پر سابقہ کارروائی کی توثیق کر دی۔ نیز انٹری فیس موصول کرنے کی آخری تاریخ 28 ستمبر 2019 ہے۔

آئیٹم نمبر 2: **سال 2019-20 انٹر کالجیٹ ٹورنامنٹ کے لئے جگہ اور وینیو سپر وائزر کا تعین**

کمیٹی میں متفقہ طور پر ملتان بورڈ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے انٹر کالجیٹ ٹورنامنٹ کے لئے درج ذیل تاریخ / جگہ اور وینیو سپر وائزر کی منظوری دی ہے۔

سیریل نمبر	کھیل کا نام	تاریخ	وینیو
01	ٹیبل ٹینس	05-10-2019	ملتان پبلک سکول اینڈ کالج ملتان
02	جمناسٹک	12-10-2019	ملتان پبلک سکول اینڈ کالج ملتان
03	سائیکلنگ	19-10-2019	ملتان بورڈ
04	ہینڈ بال	07-11-2019	ملتان بورڈ
05	باسکٹ بال	20-11-2019	ملتان بورڈ
06	بیڈمنٹن	23-11-2019	علی گڑھ سکول اینڈ کالج ملتان
07	ہاکی	26-11-2019	ملتان بورڈ
08	والی بال	30-11-2019	ملتان بورڈ
09	نیٹ بال	09-12-2019	ملتان بورڈ
10	لان ٹینس	12-12-2019	علی گڑھ سکول اینڈ کالج ملتان
11	کرکٹ	16-12-2019	ملتان بورڈ
12	فٹ بال	19-12-2019	ملتان بورڈ
13	رسہ کشی	23 تا 25 جنوری 2020	ملتان بورڈ
14	اتھلیٹکس	23 تا 25 جنوری 2020	ملتان بورڈ

سیکرٹری کالجز سپورٹس ٹورنامنٹ کمیٹی کو وینیو اور تاریخ تبدیل کرنے کا اختیار ہوگا۔

آئیٹم نمبر 3: <u>ریفری/ایمپائرز/ آفیشلز/ سلیکشن کمیٹی/کیمپ کمانڈنٹ اور کوچز کی لسٹ کی منظوری</u>

کمیٹی نے متفقہ طور پر مذکورہ لسٹ کی منظوری دے دی۔ ریفری/ایمپائرز/ آفیشلز/ سلیکشن کمیٹی/کیمپ کمانڈنٹ اور کوچز وغیرہ کی تقرری کرنے کے مجاز سیکرٹری سپورٹس ٹورنامنٹ کمیٹی ہونگے۔

آئیٹم نمبر 4:

1۔ ملتان بورڈ کی ٹیم میں شمولیت کے لئے ٹرائل فیس مبلغ 50 روپے فی کھلاڑی ہوگی۔

2۔ انٹر کالجیٹ ٹورنامنٹ کے ڈراز وینیو سپروائزر اور ٹیموں کے مینیجر کوچز کی موجودگی میں نکالے جائیں گے۔ اگر صرف 02 ٹیمیں ٹرن اپ ہوں گی تو ٹورنامنٹ کا انعقاد نہیں ہوگا۔ اور اگر تین ٹیمیں شامل ہوں گی تو میچز کا انعقاد ہوگا لیکن جنرل ٹرافی کے لئے نمبر شمار نہ ہوں گے۔ ٹورنامنٹ میں کم از کم چار ٹیمیں شامل ہونے کی صورت میں جنرل ٹرافی کے لئے نمبر شمار ہوں گے

3۔ کمیٹی نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے کہ انٹر کالجیٹ ٹورنامنٹ میں ادارے اپنی ٹیموں کا ریکارڈ ٹورنامنٹ شروع ہونے سے قبل وینیو سپروائزر کو جمع کروائیں گے۔ ٹیم کا انٹری فارم ادارہ سربراہ سے تصدیق شدہ ہونا چاہیے کھلاڑیوں کے سپورٹس کارڈ اور سپورٹس کارڈ پر لگائی گئی کھلاڑی کی تصویر، جس کی پشت پر کھلاڑی کا نام بمعہ ولدیت، کلاس بمعہ رول نمبر اور تاریخ پیدائش تحریر ہو اور ادارہ سربراہ سے اس کی تصدیق ہونا ضروری ہے۔ مزید براں کمپیوٹرائزڈ رزلٹ کارڈ میٹرک، انٹری فارم ٹورنامنٹ شروع ہونے سے پہلے وینیو سپروائزر کو لازمی دیکھانا ہوں گے۔

4۔ کمیٹی نے یہ فیصلہ بھی کیا کہ وینیو سپروائزر تمام ٹورنامنٹ اپنی زیر نگرانی کروائیں گے۔

5۔ ٹورنامنٹ شروع ہونے سے پہلے تمام کھلاڑیوں کے کاغذات کی مکمل چھان بین کرنے کے بعد میچز شروع ہوں گے۔

6۔ پروٹسٹ فیس 1500 سو روپے ہوگی پروٹسٹ میچ مکمل ہونے کے بعد ایک گھنٹہ کے دوران کیا جاسکتا ہے اور پروٹسٹ کرنے والا 24 گھنٹے کے اندر اندر اسے درست ثابت کرنے کے لئے دستاویزی ثبوت خود کمیٹی کو پیش کرے گا۔

آئیٹم نمبر 5: <u>تعریفی لیٹر</u>

کمیٹی نے متفقہ طور پر تجویز دی ہے کہ اچھی ٹیموں کو لانے والے ادارے آل راؤنڈ ٹرافی حاصل کرنے والے ادارے کو بورڈ کی طرف سے تعریفی لیٹر دیا جائے

<u>چیئرپرسن کا خطاب</u>

ڈاکٹر شمیم اختر چیئرپرسن تعلیمی بورڈ ملتان نے سپورٹس کمیٹی سے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ ٹورنامنٹ میں زیادہ سے زیادہ ٹیمیں شرکت کریں۔ جس کے لئے دفتر ہذا سے DEA/CEO اور ڈائریکٹر کالجز کو اس بارے چٹھی ارسال کی جائے۔

آخر میں سیکرٹری سپورٹس کمیٹی اعجاز حسن قریشی انچارج فزیکل ایجوکیشن ملتان بورڈ نے تمام شرکاء اجلاس اور اپنے رفقاء کار جنہوں نے اپنے سابقہ تجربہ اور محنت اور لگن سے سابق ادوار میں فرائض خوش اسلوبی سے سرانجام دیئے کو دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔

(میٹنگ جناب صدر کے شکریہ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی)

مسز بلقیس بخاری
پرنسپل گورنمنٹ کالج برائے خواتین چونگی نمبر 06 ملتان
صدر کالجز سپورٹس ٹورنامنٹ کمیٹی

اعجاز حسن قریشی
انچارج فزیکل ایجوکیشن تعلیمی بورڈ ملتان
سیکرٹری کالجز سپورٹس ٹورنامنٹ کمیٹی